SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

SINDH ACT NO.II OF 1974

THE SINDH BOARAD OF TECHNICAL EDUCATION (AMENDMENT) ACT, 1974

سندھ ایکٹ نمبر II مجریہ 1974

سندھ بورڈ آف ٹیکنکل ایجوکیشن (ترمیم) ایکٹ 1974

فہرست (Contents)

تمہید (Preamble)

1. مختصر عنوان شروعات

(Short Title and Commencement)

2. سندھ آرڈیننس XVI مجریہ 1970 کی دفعہ 4 میں تبدیلی.

Amendment of section 12 of Sindh Ordinance XVI of 1970.

3. سندھ آرڈیننس XVI مجریہ 1970 کی دفعہ 7 میں تبدیلی۔

Amendment of section 7 of Sindh Ordinance XVI of 1970.

4. سندھ آرڈیننس XVI مجریہ 1970 کی دفعہ 10 میں تبدیلی۔

Amendment of section 10 of Sindh Ordinance XVI of 1970.

5. سندھ آرڈیننس XVI مجریہ 1970 کی دفعہ 12 میں تبدیلی۔

Amendment of section 12 of Sindh Ordinance XVI of 1970.

6. سندھ آرڈیننس XVI مجریہ 1970 کی دفعہ 16 اور 17 میں تبدیلی۔

Amendment of section 16 and 17 of Sindh Ordinance XVI of 1970.

7. سندھ آرڈیننس XVI مجریہ 1970 کی دفعہ 31 کا اضافہ۔

Addition of section 31 of Sindh Ordinance XVI of 1970.

8. سندھ آرڈیننس III مجریہ 1974 کی منسوخی۔

Repeal of Sindh Ordinance III of 1974.

SINDH ACT NO.II OF 1974

THE SINDH BOARAD OF TECHNICAL EDUCATION (AMENDMENT) ACT, 1974

سندھ ایکٹ نمبر II، 1974

سندھ بورڈ آف ایجوکیشن (ترمیم) ایکٹ، 1974

[16 مارچ 1974]

تمہید (Preamble)

اس ایکٹ کے توسط سے سندھ بورڈ آف ایجوکیشن 1970 والے آرڈیننس میں اضافی ترمیم کرنا مقصود ہے۔

جیسا کہ یہ تقاضا ہے کہ سندھ بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کے متعلق 1970 والے ایکٹ کو تبدیل کیا جائے گا۔

اس کو مندرجہ ذیل طریقے سے تبدیل کیا جائے گا۔

مختصر عنوان شروعات (Short Title and Commencement)

1. (1) اس ایکٹ کو سندھ بورڈ آف ٹیکنکل ایجوکیشن (ترمیم) ایکٹ 1974 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ ہو گا۔

سندھ آرڈیننس XVI مجریہ 1970 کی دفعہ 4 میں تبدیلی.

Amendment of section 12 of Sindh Ordinance XVI of 1970

2. 1970 والا سندھ بورڈ آف ٹیکنکل ایجوکیشن کی دفعہ (4) کی ذیلی دفعہ (1) کو تبدیل کیا جائے گا۔

(a) شق (iii) کے الفاظ کو سندھ انجینئرنگ کالیج کو سندھ یونیورسٹی انجینئرنگ کالیج کے الفاظ سے تبدیل کیا جائے گا

(b) شق (v) کا اضافہ کیا جائے گا۔

"(v) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن کراچی کے چیرمین اور بورڈ آف سکینڈری ایجوکیشن کراچی کے چیرمین

(c) شق نمبر (vii) کے الفاظ اور کاما "ایجوکیشن ایکسٹینشن اینڈ اسپیشلائیزڈ سروس سندھ حیدرآباد" کو "بیورو آف کریکیولم ایجوکیشن ایکسٹینشن اینڈ اسپیشلائیزڈ سروسز سندھ" کے الفاظ سے تبدیل کیا جائے گا۔

(d) شق نمبر (ix), (xi), (x) کے لفظ "گورنمنٹ" کے بجائے "کنٹرولنگ اتھارٹی" کو متبادل لفظ بنایا جائے گا۔

(e) شق (xi) کے الفاظ میں سے لفظ "اور" کو نکالا جائے گا۔

(f) شق (xii) میں اس کو تبدیل کیا جائے گا۔

(g) شق (xii) کے بعد شق (xiii) اور (xiv) میں اضافہ کیا جائے گا۔

" (xiii) انسٹیٹوٹ آف انجنیئرنگ پاکستان" کے سینٹرل کائونسل کا ایک میمبر جو سندھ کے مقامی سینٹر سے تعلق رکھتا ہو اسے کنٹرولنگ اتھارٹی نامزد کرے گی۔

(xiv) گرلز ووکیشنل انسٹیٹیوٹ کے ڈپٹی ڈائریکٹر جو ڈائریکٹوریٹ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن سندھ میں سے ہونگے۔

سندھ آرڈیننس XVI مجریہ 1970 کی دفعہ 7 میں تبدیلی۔
Amendment of section 7 of Sindh Ordinance XVI of 1970

3. اہم آرڈیننس کی دفعہ 7 میں "5" کے بجائے "4" کا عدد رکھا جائے گا۔

سندھ آرڈیننس XVI مجریہ 1970 کی دفعہ 10 میں تبدیلی۔
Amendment of section 10 of Sindh Ordinance XVI of 1970

4. اہم آرڈیننس کی دفعہ 10 میں لفظ "سیکریٹری" کے بجائے لفظ "وزیر" رکھا جائے گا۔

سندھ آرڈیننس XVI مجریہ 1970 کی دفعہ 12 میں تبدیلی۔
Amendment of section 12 of Sindh Ordinance XVI of 1970

5. اہم آرڈیننس کی دفعہ 12 کی ذیلی دفعہ (2) جو شق (1) کے آخر میں ہے۔ اس میں سیمی کولن نکالی جائے گی اور اسے ملایا جائے گا۔

"فنی ڈگری لیول کے تحت لازمی داخلہ کے ذریعے صنعتی اور کمرشل تعلیم کو ترقی دینا اور انتظام رکھنا۔"

سندھ آرڈیننس XVI مجریہ 1970 کی دفعہ 16 اور 17 میں تبدیلی۔
Amendment of section 16 and 17 of Sindh Ordinance XVI of 1970

6. اہم آرڈیننس کی 16 اور 17 کی ذیلی دفعہ (1) کے لفظ "گورنمینٹ" کو "کنٹرولنگ اتھارٹی" کے الفاظ سے تبدیل کیا جائے گا۔

سندھ آرڈیننس XVI مجریہ 1970 کی دفعہ 31 کا اضافہ۔

7. اہم آرڈیننس کی دفعہ 30 کے بعد نیچے دی گئی دفعہ 31 کو شامل کیا جائے گا۔

"31 پہلی جولائی 1970 کے بعد یا اسی تاریخ پر پاکستان بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن یا کسی دوسرے بورڈ کی

Addition of section 31 of Sindh Ordinance XVI of 1970

طرف سے لئے گئے اقدام یا اثاثے کی ضرورت کا کوئی بھی ذمہ داری پوری کرنے، افراد کو مقرر کرنے یا ان کو اختیارات دینے، فلاح و بہبود کے فنڈ قائم کرنے مالی امداد یا عطیہ دینے اسکالرشپ یا ایوارڈ دینے، اعزاز دینے کے لئے جاری کردہ حکم اور قاعدے قوانین بنانے والے سارے اقدامات جو سندھ صوبے سے تعلق رکھتے ہو ان کو اس آرڈیننس کی روشنی میں صحیح سمجھا جائے گا۔"

سندھ آرڈیننس III مجریہ 1974 کی منسوخی۔

Repeal of Sindh Ordinance III of 1974

8. سندھ بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن (ترمیم) آرڈیننس 1974 کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ:- ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔